امتزاج ہو اور یہ بھی دو طور پر ہی یا درختوں کے پی لینے سے یا پانی میں کوئی پاک چیز پکانے سے جیسے شوربا ہو آب باقلا مگر یہ کہ اوس سے زیادت نظافت مقصود ہو جیسے اُشنان و صابون کہ انکا پکانا مضر نہیں جبتک گاڑھا نہ کر دے امام اجل ابو البرکات نسفی نے کافی شرح وافی میں فرمایا بطل عن صفۃ الاطلاق بغلبۃ الممتزج وھی بکثرۃ الاجزاء او بکمال الامتزاج وھو بطبخ الماء بخلط الطاھر کماء الباقلی والمرق او بتشرب النبات الماء حتی یبلغ الامتزاج مبلغا یمتنع خروج الماء عنہ الا بعلاج والامتزاج بالطبخ انما یمنع الوضوء بہ ان لم یکن مقصودا للغرض المطلوب من الوضوء وھو التنظیف کالاشنان والصابون اذا طبخا بالماء الا اذا غلب ذلک علی الماء فیصیر کالسویق المخلوط لزوال اسم الماء عنہ والامتزاج الاختلاط بین الشیئین حتی یمتنع التمییز اھ بعینہ اسیطرح کفایہ امام جلال الدین شرح ہدایہ میں ہے **اقول** [2051] غلبۂ ممتزج و کمال امتزاج اور اوسکے اسباب طبخ و تشرب نبات یہ سب مضمون امام زیلعی ہی نہیں سے اخذ فرمائے امام اجل نسفی نے غلبۂ ممتزج صرف کثرت اجزاء سے لیا تھا انھوں نے اسمین سخن اوصاف اپنی طرف سے اضافہ فرمایا یہان سے بھی واضح ہوا کہ کافی و کفایہ تک جو ضابطہ مذہب حنفی میں تھا اوسمین اس تفصیل کا پتا نہیں **ثم اقول** [2052] ضابطۂ نسفیہ وہی مذہب امام ابو یوسف ہے ضابطۂ چارم بحث دوم میں گزرا کہ اس مذہب معتمد میں بانع چار بلکہ تین ہی ہیں کثرت اجزائے مخالط جس میں حکما تساوی بھی داخل اور زوال رقت کہ زوال سیلان کو بالاولی شامل اور زوال اسم یہان کثرت اجزا تو وہی ہے اور کمال امتزاج بطبخ و تشرب باقی دو کی صورتیں ہیں تو یہ ضابطہ بظاہر مثل عبارات متون ضابطۂ جزئیہ ہے کہ ضابطۂ یوسفیہ سے باہر نہیں اگرچہ سب صور کو محیط بھی نہیں۔

اقول [2053] مگر حقیقۃً وہ کلیہ ہے بلا شبہہ غلبۂ ممتزج و کمال امتزاج بلکہ صرف غلبۂ ممتزج سے باہر کوئی سبب نہیں وانما جعلھا جزئیۃ تفسیرھما ببعض صورھما فلو جعل التفسیر تصویرا لاستقام وتم الکلام وھھنا مباحث کثیرۃ لا تخفی من احاط بما قدمنا من النقض والابراء والله سبحنہ ولی الالہام **ششم ضابطۂ رضویہ** سبحن اللہ فقیر بھی کوئی شی ہے کہ احکام میں زبان کھول سکے حاشا ضابطہ وہی ضابطۂ امام ابو یوسف رضی اللہ تعالی عنہ ہے باتباع علما اوسکے اجمال کو مفصل کر دیا ہے تفاصیل میں خدمتگاری کلام اکابر کے صدقہ سے جن تحقیقات کا افاضہ ہوا اونپر ابتنائے شقوق کیا ہے جملہ ضوابط صحیحہ مذکورہ کو ایک دائرے کے احاطہ میں لیا ہے اسنے بیان کو اظہر و اجمع و انور و انفع کر کے ضابطہ گر لیے خلعت جدت سیا ہے **فاقول** وباللہ التوفیق (۱) دریا نہر چشمے چاہ باران کا پانی حتی کہ شبنم اپنی حد ذات میں آب مطلق ہے جو کچھ انکی جنس سے نہیں اگرچہ انکی شکل انکے اوصاف انکی نام پر ہو پانی نہیں اوس سے وضو و غسل نہیں ہو سکتا جیسے ماء الجبن دہی کا پانی درختوں پتھروں کا مد مٹی کا تیل سیندھی تاڑی ناریل کدو تربوز کا پانی اگرچہ اوسمیں صرف پانی ہی ہو یوہیں جو کچھ متون شاخوں پھلوں پھولوں سے نکالا جائے یا کافور کے درخت انگور کی بیل کی طرح کاٹنے سے یا آپ ہی ٹپکے

تطفل ۱ علی الضابطۃ الزیلعیۃ

تطفل ۲ علی الکافی والکفایۃ

ضابطۂ طہوریت آب از مصنف

یا نمک نوشادر کافور وغیرہ کے گھلنے یا سونے چاندی یا رانگ وغیرہ کے گلنے سے حاصل ہو (۲) جو کچھ حقیقۃً پانی ہو اگرچہ بیچ میں پانی نہ رہا تھا
جیسے اولے یا آسمانی برف یا کل کا جب پگھل جائے) یا تو اوسمین کوئی اور چیز (اگرچہ اوسی کی جنس سے ہو) داخل ہوگی یا نہین اگر نہین تو
وہ مطلقاً آب مطلق ہے لیکن اگر ماء مستعمل ہے جس کا بیان الطرس المعدل مین مفصل گزرا تو اوس سے وضو وغسل جائز نہین ورنہ
مطلقاً صحیح ہے اگرچہ بوجہ ملک غیر یا وقف یا کسی حاجت ضروریہ کی طرف مصروف ہونے یا دوسرے اغراض کے سبب جنکا بیان فصل
اول مین گزرا اوس سے وضو حرام یا مکروہ ہو اگرچہ بچون کا ہاتھ پڑنے یا کافر کے چھونے یا کسی مشکوک شی کے گرنے سے اوسکی طہارت مین
وہم پیدا ہون جبتک نجاست ثابت نہو جائے اگرچہ دیر تک بند رہنے سے اوسکا رنگ بو مزہ بدل جائے یا تبدیلی سے بدلا ہوا
اگرچہ کسی تیز خوشبو یا بدبو شی کے قرب سے اوسمین کتنی ہی بو خوش یا ناخوش پیدا ہوجائے ہان اگر سردی سے جم جائے یا رقیق نرہے جیسے
اولے برف اوس سے وضو ناجائز ہوگا جبتک پگھل کر پھر اصلی رقت پر نہ آجائے (۳) اگر داخل ہوگی تو دو صورتین ہین یا تو پانی سے جدا ہوگی
یعنی اوسمین سرایت نکریگی یا خلط ہو جائیگی اگر جدا ہے (اور یہ نہوگا مگر شی جامد مین جیسے کنکر وغیرہ پانی مین ڈالدیے جائین) تو اگر وہ
شی نجس نہین یا پانی دہ دردہ ہے مطلقاً مطلق و قابل وضو ہے اور اگر نجس ہے اور پانی کم تو مطلق ہے مگر لائق استعمال نرہیگا (۴) اگر
پانی مین خلط ہوگی تو دو صورتین ہین وہ ملنے والی شی بھی اصل مین صرف پانی ہے یا اوسکا غیر اگر صرف پانی ہے تو پھر دو صورتین ہین اب بھی
پانی ہی ہے یا نہین اگر اب بھی پانی ہے تو اوسکے ملنے سے پانی مطلق تو مطلقاً رہیگا ہی اوس سے وضو بھی روا ہوگا مگر دو صورتون مین ایک
یہ کہ آب مستعمل اسمین ملجائے اور یہ مقدار مین اوس سے زائد نہو دوسرے یہ کہ نجس پانی مل جائے اور یہ دہ دردہ نہو اور یہ مین ہوگا کہ وہ پانی
بے کسی دوسری شی کے مختلط ہو جانے کے ناپاک ہوگیا جیسے آب قلیل مین خنزیر کا بال یا پاؤن پڑ گیا اور نکل گیا کہ پانی خالص ہی رہا
خلط نہ ہوا اور ناپاک ہوگیا ورنہ جو خلط نجس سے نجس ہوا اوسکا ملنا اس قسم سے خارج ہوگا کہ یہ صرف پانی کا ملنا نہوا (۵)
اگر وہ ملنے والی شی اب پانی نہین (اور یہ نہوگا مگر اولے یا برف مین کل کا ہو خواہ آسمانی کہ یہی وہ صورت ہے کہ پانی بے خلط غیر پانی نرہا)
تو اگر پانی کی رقت زائل کردے قابل وضو نرہیگا جبتک وہ شی پگھل کر پھر پانی نہو جائے اور اگر رقت باقی ہے نہ یون کہ اولے برف ابھی
گھل کر پانی مین مخلوط نہوئے پتھر کنکر کی طرح تہ مین پڑے ہین کہ یہ تو تیسرا نمبر تھا بلکہ یون کہ مقدار مین اتنے کم تھے جنکی خلط سے
رقت آب مین فرق نہ آیا تو اوس سے وضو جائز ہے (۶) اگر وہ شی غیر آب ہے اور پانی مین اتنی خلط ہوگئی کہ پانی اوس سے مقدار مین
زائد نہین تو مطلقاً قابل وضو نہین (۷) اگر پانی مقدار مین زیادہ ہے تو وہ شی نجس ہے یا طاہر اگر نجس ہے اور پانی دہ دردہ نہین یا ہے
تو نجاست سے اوسکے رنگ یا مزہ یا بو مین فرق آگیا تو پانی اگرچہ مطلق رہے قابل وضو درکنار بدن مین جائز الاستعمال نرہا (۸)
اگر وہ دردہ ہے اور کسی وصف مین تغیر نہ آیا تو نجاست کا حکم ساقط اور احکام بعض احکام آئندہ ہونگے (۹) اگر طاہر ہے تو پھر
دو صورتین ہین پانی مین اوسکا خلط آگ پر ہوا یا الگ۔ اگر آگ سے الگ ہوا اور وہ شی جامد ہے تو ہمارے ائمہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم

کی اجماع سے اور مائع ہے تو مذہب صحیح معتمد میں پانی مطلقاً آب مطلق ولائق وضو رہیگا اگرچہ رنگ مزہ بو سب بدل جائیں مگر دو صورتوں میں ایک یہ کہ پانی رقیق نہ رہے اور ہم تحقیق کر آئے کہ یہ کچھ جامد ہی سے خاص نہیں بہت مائعات بھی مانعات رقت آب ہوتے ہیں دوسرے یہ کہ شربت شہد یا شربت شکر یا نبیذ و رنگ کی طرح مقصود دیگر کے لیے شئ دیگر ہوجائے (۱۰) اگر خلط آگ پر ہوا تو دو صورتیں ہیں اگر منظور وہ چیز پکنے نہ پائی کہ مقصود دیگر کے لیے شئ دیگر کردے پانی سے امتزاج کامل نہ ہونے پایا کہ سرد ہونے پر گاڑھا کردے اس حالت کے قبل اوتار لی تو پانی مطلقاً آب مطلق وقابل وضو ہے (۱۱) اگر وہ شئ پک گئی تو تین صورتیں ہیں پکانے میں صرف پانی مقصود ہے یا صرف وہ شئ یا دونوں پہلی دو صورتوں میں آب مطلق رہیگا جبتک اس قابل نہ ہوجائے کہ سرد ہو کر زوال رقت ہو صورت دوم کی مثالیں بحث اول طبخ شیخ میں شیرف و نشاستہ و آش جو سے گزریں اور صورت اول کا بیان فصل خامس میں آتا ہے ان شاء اللہ تعالی (۱۲) صورت سوم میں اگر پانی اسقدر کثرت سے ڈالا کہ مقصود دیگر کے لیے ہوسکیگا نہ اوس سے ڈلا ہوگا تو مطلقاً مطلق ولائق طہارت ہے (۱۳) اگر اتنا کثیر نہ تھا مگر ڈالا نہ ہوسکیگا تو جب مقصود دیگر کے لیے ہوجائیگا قابل وضو نہ رہیگا (۱۴) اگر پانی ڈالا نہ رہ سکتا ہے تو اگر بالفعل گاڑھا ہوگیا کہ بہانے میں پورا نہ پھیلیگا مطلقاً لائق وضو نہ رہا اگرچہ اوس میں صابون ہی پکایا ہو جس سے زیادت نظافت مقصود ہوتی ہے (۱۵) اگر بالفعل گاڑھا نہ ہوا مگر ٹھنڈا ہو کر ہوجائیگا تو دو صورتیں ہیں اگر وہ شئ مثل صابون وغیرہ زیادت نظافت کے لیے ہے فی الحال اوس سے وضو جائز ٹھنڈا ہونے کے بعد صحیح نہیں (۱۶) اگر زیادت نظافت کے لیے نہیں تو اوس سے فی الحال بھی وضو جائز نہیں۔ یہ ہے تحقیق انیق کہ جمیع نصوص صحاح کو متناول اور جملہ ارشادات متون کو حاوی ہوشامل اور تمام تحقیقات سابقہ پر مشتمل اور سب فروع ممکنہ کے حکم صحیح کو بعونہ تعالی کافی و کافل والحمد للہ رب العلمین وافضل الصلوۃ و اکمل السلام علی خاتم النبیین سید المرسلین وعلیہم جمیعا وعلی الہ وصحبہ وابنہ وحزبنا اجمعین امین والحمد للہ رب العلمین

فصل خامس

بعض جزئیات جدیدہ میں بحمدہ تعالی کتاب میں تین سو سات جزئیات مذکور ہوئے (۳۰۸) آب قطر یعنی قرع انبیق میں ٹپکا یا ہوا پانی کہ اجزائے ارضیہ وغیرہا کثافتوں سے صاف کرنے کے لیے سادہ پانی رکھکر آنچ کریں کہ بخارات اوٹھکر اوپر کے پیالی کی سردی پاکر پھر پانی ہو کر ٹپک جائیں یہ پانی کہ صرف پانی کی بھاپ حاصل ہوا اسکا صریح جزئیہ اپنی کتب میں نظر فقیر سے نہ گزرا الا ما قد منا فی ۲۰۹ عن ہذا الفاضل المتاخر مخشی الدرر الخادمی فی بحث وجدل اذ قال فی الدرر معللا لعدم جواز الطہارۃ بماء حصل بذوبان الملح انہ انقلب الی طبیعۃ اخری فقال اورد بالجمد والبخار واجیب بالملح طبیعۃ غیر ملائمۃ للمائیۃ الخ فافاد السؤال والجواب الجواز بماء متکون من البخار ولا یبعد ان المراد ماء للمطر والنبع فانما الا عزۃ تستحیل ماء

اقول مگر بعونہ تعالی حکم

فصل خامس بعض جزئیات جدیدہ میں

کہ وہ ماء مطلق اور اس سے طہارت جائز ہو کہ سمندر کے سوا آسمان و زمین کے تمام پانی بخارات ہی سے بنتے ہیں اور گلاب و عرق گاؤزبان وغیرہ وہ نہ ہوں گے کہ وہ بھی اگرچہ پانی ہی کے بخار ہیں مگر وہ سادہ پانی سے نہ اُٹھے بلکہ جس میں دوسری شے ملا دی گئی ہے جس سے ان بخارات کو مستحیل کہ مقصود دیگر کے لیے چیز دیگر کر دیا لہٰذا وہ اسم بدل گیا اور انہیں پانی نہیں کہا جاتا بلکہ گلاب و عرق بخلاف آب تقطیر کہ پانی ہی ہے اور پانی ہی کہا جائیگا نہ مقصود بدلا نہ نام۔ **اقول** ۲۰۵ البتہ ضابطۂ امام زیلعی پر گلاب اور سب عرق ماء رہیں گے کہ جب وہی چیزیں ملی ہیں تو سوا ابقائے رقت پر بہاؤ وہ باقی ہے تو یہ بخارات اور ضابطہ آب مطلق ہی سے اٹھے اور پانی ہی ہو کر ٹپکے اس کے بعد کوئی بات ایسی نہیں وہ عارض نہ ہوئی جو بربنائے ضابطہ اُنہیں آب مقید کردے کہ مقصود دیگر کے لیے چیز دیگر ہو جانا ضابطہ میں نہیں تو بحکم ضابطہ گلاب و ہر عرق سے وضو ہو سکنا چاہیے حالانکہ بالاجماع جائز نہیں۔ ثم رأیت التصریح بجواز الفرع فی کتب السادة الشافعیة قال العلامة زین الملیباری تلمیذ الامام ابن حجر المکی فی فتح المعین الماء المطلق ما یقع علیه اسم الماء بلا قید وان رشح من بخار الماء الطهور المغلی اھ وفی الفتاوی الکبری الفقهیة لشیخه الامام رحمهما الله تعالٰی سئل عن شجر بارض الحبشة یخرج منه عند انتشار الریاح بخار کالدخان ثم یترشح ماء کالماء سواء بسواء فهل الحکم له فی الطهوریة فاجاب لیس حکمه حکم الماء بل هو کالمائع المعتصر ولا فارق بینه وبین الطهور المغلی بان ذلک من الماء بخلاف هذا فهو کماء الشجر وهو لیس بطهور قطعا اھ

(۳۰۹) کبھی حمام کی چھت اور دیواروں سے پانی ٹپکتا ہے۔ **اقول** ۲۰۶ یہ اگر آب مطلق طاہر کے بخارات ہیں تو قابل طہارت ہے

(۳۱۰) آب غطا۔ پانی گرم کیا بھاپ اُٹھ کر سرپوش پتیلی کی جانب پانی کے کچھ قطرے بنی ہوئی ملتی ہے۔ **اقول** ۲۰۷ یہ بدستور آب طہور ہے اور اس سے سر یا موزوں کا مسح جائز ہے لما علمت انه لیس الا من اجزاء الماء المطلق تحلل بالاستحالة الی البخار لا جرم کمیاه الآبار والامطار

(۳۱۱) کوئی اور چیز نکالتے ہیں جو قطرات بخار چپن پر ملیں۔ **اقول** ۲۰۸ اس کا حکم مسائل مشج کی طرف رجوع سے واضح ہوگا اگر وہ شے زیادت نظافت کے لیے ہے جیسے پانی بالفعل گلاب ہوگیا یا اور کوئی چیز جس سے پانی بھی اس قابل نہ رہا کہ اس سے وضو کرو تو رقیق نہ رہا یا مقصود دیگر کے لیے چیز دیگر ہو گیا اس حالت میں جو بخار اُٹھے آب مطلق نہیں کہ آب مطلق کے اجزا سے نہیں وہ مقید کے مقید سے ہیں

(۳۱۲) اصطبل وغیرہ محل نجاسات سے بخارات اُٹھ کر ٹپکے پاک تو مطلقاً ہیں جب تک ان میں اثر نجاست ظاہر نہ ہو۔ فی رد المحتار فی الخانیة ماء الطابق نجس قیاسا لا استحسانا وصورته اذا احرقت العذرة فی بیت فاصاب ماء الطابق ثوب انسان لا یفسده استحسانا مالم یظهر اثر النجاسة فیه وکذا الاصطبل اذا کان حارا وعلی کوته طابق او کان فیه کوز معلق فیه ماء فترشح وکذا الحمام لو فیها نجاسات فعرق حیطانها وکواتها وتقاطر قال فی الحلیة والظاهر العمل بالاستحسان

ولذا اقتصر علیہ فی الخلاصۃ والطائف العظاء العظیم الزجاج اوالبن لہ [۲۰۶۲] **اقول** مگر طہور و قابل طہارت نہیں اگر آب مطلق کے سوا اور طبیعتون سے ہون کما لایخفی (۴۳ آب [۲۰۶۳]) سونٹھ کا پانی جنجربیٹ (۴۴ آب [۲۰۶۴]) میٹھا پانی لیمینیڈ انکا آب مطلق تو نہ ہونا صاف ظاہر (۴۵ آب [۲۰۶۵]) کھاری پانی سوڈا واٹر بھی قابل طہارت نہیں اگرچہ اوسمین کوئی جزء ڈالا صرف گیس کی ہوا سے بنایا ہو فانہ لاشک فی سرایۃ الھواء المذکور فی الماء عند فورانہ وتغییرہ طعمہ وجعلہ شیأ اٰخر لمقصود اٰخر [۲۰۶۶] **اقول** ف۱ یہ تینون پانی بھی ضابطہ پر وارد ہین جبکہ انکا اصطناع جامدات سے ہوکر رقت ضرور باقی ہے الا [۲۰۶۷] ان یدعی فی الثالث ان الھواء من المائعات لجھا انہ منبسط علی ھیئۃ بل ھو ابلغ فیہ من الماء لکونہ الطف منہ فھذا مائع یخالف الماء فی الطعم وقد غیرہ فتقیید فلا یخرج الفرع عن الضابطۃ (۴۶ آب [۲۰۶۸] و ۴۷ آب [۲۰۶۹]) یونہین آب افیون و بھنگ اگرچہ رقیق رہین ناقابل وضو ہین لغلبۃ الاجزاء بالمعنی الثالث ف۲ ضابطہ پر وارد کہ جامدات ہین اور رقت باقی (۴۸ آب [۲۰۷۱]) [۲۰۷۲] **اقول** ف۳ بلکہ رقیق چائے بھی خصوصاً اوس صورت مین کہ پانی کے جوش مین نہ ڈالین بلکہ آگ سے اوتار کر اوس مین دین یہان تک کہ اپنا عمل کرلے اب وہ پانی چائے کہلائے کہ یہ صورت طبخ سے جدا اور باب نقض ضابطہ محض رقت پر مدار بلکہ اگر اسے بھی معنے طبخ مین داخل کرین کہ حرارت آب نے اوسمین عمل کیا جب بھی ضابطہ پر وارد رہیگی کہ بتصریح امام ضابطہ وغیرہ ائمہ طبخ مین وجہ منع کمال امتزاج ہے اور ہم تحقیق کر آئے کہ مانع وہی ہے کہ موجب زوال رقت ہو اگرچہ سرد ہوکر تو جب رقت باقی ہے تو ضابطہ ہر طرح جواز چاہیے حالانکہ بلاشبہہ بالاتفاق ناجائز ہے لزوال الاسم وھو المعتبر فی الباب بتصریح الامام الضابط وسائر الائمۃ کیف وقد صار شیأ اٰخر لمقصود اٰخر (۴۹ آب [۲۰۷۳] و ۵۰ آب [۲۰۷۴]) شلجم کا جھوکے اچار کا تہ نشین پانی کہ گاڑھا ہوتا ہے وہ تو ظاہر اوپر کا رقیق پانی بھی اوسی وجہ سے ہرگز قابل طہارت نہیں اور ف۴ ضابطہ پر وارد (۵۱ آب) گلاسون مین زیادہ مقدار تک پانی بھر کر اوپر سے تیل ڈال کر روشن کرتے ہین [۲۰۷۶] **اقول** ظاہر ہے کہ یہان اسباب ثلثہ سے کوئی سبب مانع نہ پایا گیا جب تیل جل جائے یا نکل جائے آب خالص کے سوا کچھ نہ رہیگا تو اوس سے طہارت جائز ہے (۵۲ آب) کبھی خوبصورتی کے لیے وہ پانی رنگین کرکے بھرتے ہین اگر تغیر لون اتنا ہوا کہ رنگ ہو گیا تو اوس سے وضو ناجائز ہونا ظاہر [۲۰۷۷] **اقول** وھو عندی محمل ما یأتی عن العلامۃ السید ط او ف۵ باب ضابطہ پر وارد جبکہ یہ رنگ جامدات سے ہوا ہو تاہم اگر یہ حالت نہیں تو مقتضیٰ اصول حضرۃ یوسفیہ جواز ہے واللہ تعالی اعلم (۵۳ آب) قدس شریف ملک شام مین بعض لکڑیون کے ریشے زمین سے نکال کر پانی مین بھگوتے ہین جس سے پانی سرخ ہوجاتا اور رباغت یعنی چمڑا پکانے کے کام مین آتا ہے اوس سے وضو جائز نہ ہونا چاہیے اگرچہ رقیق رہے لصیرورتہ شیأ اٰخر لمقصود اٰخر [۲۰۷۹] **اقول** ف۶ مگر اس صورت مین ضابطہ پر وارد در مختار مین تھا وکذا ماء الدابوغۃ علامہ سید

ف۱: تطفل ۱۸۰ علی ... و ۱۸۱ علیہما۔
ف۲: تطفل ۱۸۲ و ۱۹۰ و ۱۹۱ علیہم۔
ف۳: تطفل ۱۹۲ و سرم علیہما۔
ف: النور و النور
ف۴: تطفل ۱۹۳ علیہم۔
ف۵: تطفل ۱۹۴ علیہم۔
ف۶: تطفل ۱۹۵ علیہم۔

طحطاوی نے فرمایا ای مثل ماء الکرم فان الاظھر عدم جواز رفع الحدث بہ واخبرنی بعض من یسکن بلد الخلیل علیہ الصلٰوۃ والسلام انھم یخرجون عروق حطب من الارض یضعونھا فی الماء فیحمر فیدبغون بہ الجلد ویسمونہ ھذا الاسم ونحوہ ماء الدبغۃ الاحمر الذی یضعونہ فی القنادیل بمصر للزینۃ (۳۲۴) تھوڑے میں دو چار پان خصوصًا بنے ہوئے اگر پڑجاتے ہیں سارا پانی رنگین کردیتے ہیں **اقول** [۲۰۸۰] اوس سے وضو میں حرج نہیں کہ طبع میں وہ امتزاج مانع جو اسے گاڑھا ہونے کے قابل کردے۔ ہاں [ف۱] ضابطۂ برجندیہ [۲۰۸۱] پر یہ ضرور وارد کہ تغیر تو ہوگیا (۳۲۵) [۲۰۸۲] پان کھایا اور ہونٹھوں میں اوسکا معتد بہ اثر باقی ہے کلیاں کرکے مونھ صاف کیا مشاہدہ ہے کہ ان کلیوں کا پانی اتنا رنگین ہوجاتا ہے کہ اسکے بعد اوسی لگن میں پورا وضو کیا جائے تو سارا پانی رنگ جاتا ہے اگر یہ وضو طاہر [۲۰۸۳] بہ نیت قربت بلکہ مثلًا محض تبرید کے لیے کیا پانی قابل وضو رہیگا کہ اسباب ثلثۂ منع سے کوئی سبب نہیں **اقول** [ف۲] اور ضابطہ پر وارد جبکہ پان خوشبودار نہو کہ ان کلیوں کا پانی وہ مائع ہے کہ آب مطلق سے رنگ و مزہ دو وصفوں میں مخالف ہے اور ایک بدل دیا (۳۲۶) [۲۰۸۴] جس گھڑے میں گنے کا رس تھا رس نکال کر پانی بھر اجائے بلا شبہہ اوسکا مزہ و بو بدل جاتے ہیں اور اوس سے جواز وضو میں شک نہیں کہ وہ یقینًا پانی ہی ہے **اقول** [۲۰۸۵] مگر [ف۳] ضابطہ پر وارد کہ رس کے جو اجزا گھڑے کی سطح اندرونی میں لگے رہ گئے تھے ضرور اجزائے مائع ہیں اور انسے دو وصف بدل گئے (۳۲۷) [۲۰۸۶] اسی گھڑے میں اگر پانی گرم کیا تو تغیر اور زیادہ ہوجائیگا اور [ف۴] ضابطۂ برجندیہ پر نقض آئیگا (۳۲۸) زخم دھونے کے لیے پانی میں نیم کے پتے ڈالکر جوش دیتے ہیں انسے اوسکا رنگ مزہ بو سب بدل جاتا ہے مگر رقت میں فرق نہیں آتا **اقول** [۲۰۸۷] مقتضائے اصول معتمدۂ یوسفیہ اوس سے وضو کا جواز ہے یہانتک کہ اگر زخم اعضائے وضو پر تھا اس پانی سے دھونے کے بعد اوسے دوسرے پانی سے دھونے یا مسح کی حاجت نہیں کہ یہاں غلبۂ اجزاء و غلبۂ طبع نہونا تو بدیہی ہے اور زوال اسم بھی نہیں کہ وہ پانی ہی ہے اور پانی ہی کہا جائیگا کوئی دوسری چیز دوسرے مقصد کے لیے نہوگیا مقصود زخم دھونا ہے اور یہ کام خود پانی کا ہے نیم کے پتے اوسکی رفع نمائی و دفع ضرر کے لیے شامل کیے گئے تھے کہ سادہ پانی کو زخم چرالے تو نقصان پہنچے ولہذا پتوں کے پکنے نہ پکنے پر یہاں نظر نہیں ہوتی کہ مقصود پانی ہے نہ پتے مگر [ف۵] ضابطۂ برجندیہ پر صراحۃً [۲۰۸۸] وارد کہ پانی طبع میں متغیر ہوگیا (۳۲۹ و ۳۳۰) **اقول** [۲۰۸۹] بعینہٖ اسی دلیل سے نطول و پاشویہ کا پانی بھی بحکم اصول معتمدہ قابل طہارت ہے یہانتک کہ پاشویہ کے بعد پاؤں یا نطول کے بعد غسل میں سر یا اوس موضع کا جہاں وہ پانی دھارنے میں پہنچا دوسرے پانی سے دھونا ضرور نہیں واللہ تعالٰی اعلم یہ صورتیں بھی وہی ہیں کہ مقصود صرف پانی ہے دھارنے امالہ میں تنہا گرم پانی بھی کام دیتا ہے دوائیں زیادت نفعت کے لیے ہیں **اقول** [۲۰۹۱] [ف۶] یہ دونوں بھی ضابطۂ برجندیہ پر ظاہر الورود (۳۳۱) [۲۰۹۲] حقے کا پانی اگرچہ دھوئیں کے سبب اوسکا رنگ مزہ بو سب بدل جائیں قابل طہارت ہے اوسکے ہوتے تیمم کی اجازت نہیں ہوسکتی کما بیناہ فی فتاوٰنا اگرچہ اوسمیں اور سوڈا اور اثر میں کس

ف۱: معروضۃ ۲۰۹۴ علی العلامۃ البرجندی

ف۲: تطفل ۲۰۹۵ علی الضابطۃ الزیلعیۃ ۲۰۹۶

ف۳: تطفل ۲۰۹۹ علیھا

ف۴: معروضۃ ۲۱۰۰ علی البرجندی

ف۵: معروضۃ ۲۱۰۱ علیہ

ف۶: معروضۃ ۲۱۰۲ و ۲۱۰۳ علیہ

صرف گیس کی ہوا سے بنالیا گیا کیا فرق ہے وہان ہوا دیہان دھوئین نے اوصاف بدل دیے اور پانی مین باقی دونون دور سے
۲۰۹۳ **اقول** فرق یہی ہے کہ بارہا گزرا وہان زوال اسم ہوگیا کہ اب اوسے نرا پانی نہین کہہ سکتے کہ مقصود دیگر کے لیے شیئ دیگر
۲۰۹۴ ہوگیا بخلاف دُھوئین کے کہ پانی ہی ہے کوئی دوسری چیز نہ ہوگیا اعتبار مقاصد کا بیان بقدر کافی گزرا اور اسکی نظیر آب زردج و
آب زعفران ہے کہ تغیر دونون مین یکسان اور اول سے وضو روا جبتک رقت باقی ہے یہی صحیح ہے ہدایہ وغیرہا کما تقدم فی ۸۱
اور دوم سے ناروا جبکہ رنگنے کے قابل ہو جائے اگرچہ رقت باقی رہے کما تقدم تحقیقہ فی ۱۲۲ ۲۰۹۵ **اقول** وباللہ التوفیق
اسے روشن ترکریگا کہ شوربا اگوشت پکایا اگر قسم کھائی کہ گوشت نہ کھائیگا اس گوشت کے کھانے سے حانث ہوگا کہ اس امتزاج
آب نے گوشت اپنی ذات مین نہ بدلا کہ اوسکا مقصود بحال باقی لیکن اگر قسم کھائی پانی نہ پیئیگا تو شوربا پینے سے حانث نہوگا
۲۰۹۶ کہ اس امتزاج گوشت سے پانی بدل گیا کہ مقصود جدید کے لیے ہوگیا یونہی دودھ مین شکر شہد بقدر شیرینی ملائیے وہ دودھ ہی رہیگا
سب اوسے دودھ ہی کہینگے لیکن پانی مین اوسقدر ملائیے اب اوسے پانی کوئی نہ کہیگا شربت کہینگے الی غیر ذلک مما یعلمہ
المتفطن بالمقایسۃ (۳۳۲) زمین حبش مین ایک درخت ہے کہ جب ہوائین چلتی ہین اوس سے دھوان سا نکلتا ہے
اور مینھ کی طرح برس جاتا ہے بعینہ مثل پانی کے ہوتا ہے امام ابن حجر مکی نے فرمایا کہ اوس سے وضو جائز نہین کہ وہ پانی نہین بلکہ
درختون کی اور رطوبتون کے مثل ہے کما تقدم ۲۰۹۷ **اقول** وقواعدنا لا تأباہ حتی عند من یجوز بقاطر الکرم فانہ
عندنا ماء تشربہ حتی اذا ارتوی رد الفضل بخلاف ھذا واللہ تعالی اعلم (۳۳۳) نیز صحرائے حبش مین جہان
پانی نہین ملتا اہل قافلہ زمین مین گڑھا کھودتے اور بعض درختون کی شاخون سے اوسے چھپا دیتے ہین کچھ دیر بعد اوس غار کے اندر سے
بخارات اوٹھکر اون شاخون سے لپٹتے اور پانی ہوکر ٹپک جاتے ہین جس سے گڑھے مین اتنا پانی جمع ہوجاتا ہے کہ قافلہ کو کفایت کرتا ہے
فسبحٰن الرحمٰن الرحیم الرازق ذی القوۃ المتین امام موصوف فرماتے ہین اس سے بھی وضو جائز نہین کہ درخت کا عرق ہے پانی
قال بعد مامر و بلغنی ان القوافل بارض الحبشۃ اذا عدموا الماء حفروا حفرۃ ثم ستروھا بشیئ من الشجر وترکوھا
مدۃ ثم یصعد بخار من الحفرۃ یعلق بالشجرۃ ثم یرشح مائعا علی ھیأۃ الماء ویجتمع منہ فی الحفرۃ ما یکفیھم وھو
غیر طھور کما ھو ظاھر اذ ھو ماء شجر ایضا اھ ۲۰۹۸ **اقول** ظاہر یہ محل نظر ہے وہ بخارات درخت کے نہین زمین سے
اوٹھے اگر یون شاخون کا اثر اونکو سردی پہنچا کر ٹپکا دینے مین ہے تو بظاہر وہ پانی ہی ہوئے شاخون نے صرف وہ کام دیا جو آب
باران مین کرۂ زمہریر کی ہوا دیتی ہے یا آب چاہ مین زمین کی سردی ہان اگر انکے لپٹنے سے اون شاخون سے کوئی رطوبت نکلکر
۲۰۹۹ ٹپکتی ہو تو بیشک اوس سے وضو جائز نہین کہ وہ درخت کی تری ہے اور جبتک امر مشکوک ہے حکم عدم جواز ہی ہونا چاہیے
۲۱۰۰ کہ مامور بہ پانی سے طہارت ہے اور شک سے مامور بہ ادا نہین ہوتا واللہ تعالی اعلم (۳۳۴) ماء القطر پانی کہ مٹی کے

برتن سے رسے صحرا وصفے پانیوں میں ہے (۱۰/۲۱۵ ۲۳۵) یونہی پانی کہ ہنڈیوں کو لون دیتے پر گزرا کہ ٹپکا یا صاف کیا جاتا ہے (۲۱۰۲/۲۳۶) نشاستہ کا پانی جس کا بیان اوا خر رسالہ الدقۃ والتبیان میں گزرا جب اجزائے گندم تہ نشین ہو کر نتھرا پانی رہ جائے یا خلط رہے تو اتنا کہ پانی کو دلدار نہ کرے وہ آب مطلق ہے اوس سے وضو جائز ہے جبکہ بو و مزہ یا تہ نہ لگا ہو (۲۱۰۳/۲۳۷) آش جو کا پانی کہ بار بار ہلایا جاتا ہے اگر ٹھنڈا ہو کر دلدار ہونے کے قابل نہ ہو آب مطلق ہے ورنہ نہیں (۲۱۰۴/۲۳۸) ماء العسل کہ شہد میں دو چند پانی ملا کر جوش دیں یہاں تک کہ دو ثلث جل جائے پانی نہ رہا (۲۱۰۵/۲۳۹) یونہی ماء الشعیر کہ جو جوش دیں یہاں تک کہ کھل کر ٹہر جائیں صاف کر کے مستعمل ہوتا ہے بوجہ کمال امتزاج پانی نہ رہا (۲۴۰ و ۲۱۰۶/۲۴۱) یونہی ماء الاصول و ماء البزور جڑوں اور تخموں کے جوشاندے (۲۱۰۷/۲۴۲) یونہی ماء الرماد کہ پانی میں بار بار راکھ ڈال کر ہر بار جوش دیتے پھر صاف کر لیتے ہیں مثل جوشاندہ ہے (۲۱۰۹/۲۴۳) ماء النون کہ ماہی نمکسود سے پانی سا ٹپکتا ہے (۲۱۱۰/۲۴۴) ماء الجمۃ بضم جیم وتشدید میم مفتوح کہ فارسی میں آبکمہ بسکون باو ضم کاف وفتح میم مخفف کہتے ہیں دریائے چین و ہرموز میں ایک قسم کی مچھلی کے پیٹ سے خاکستری رنگ پانی نکلتا ہے دونوں سرے سے پانی نہیں (۲۴۵ تا ۲۵۰) سونے چاندی تانبے رانگ جست سیسے کے پانی کہ ماء الذہب ماء الفضۃ ماء النحاس ماء الرصاص ماء الحدید ماء الاسرب اور سب کو ماء المعدن کہتے ہیں اسکے تین معنی ہیں ایک یہ کہ انھیں آگ میں سرخ کر کے پانی میں بجھائیں جیسے زرتاب آہن تاب وغیرہ کہتے ہیں یہ ۱۳۶ میں گزرا دوم انکا گداختہ جیسے محلول زرد وغیرہ کہتے ہیں ظاہر ہے کہ یہ جنس آب ہی سے نہیں اس کا اشارہ فصل ثانی صدر بیان اضافات میں اور جزئیہ حاشیہ ۱۹ میں از ہری ہروانی سے گزرا سوم وہ پانی کہ انکی معادن میں ملتا ہے **اقول** (۲۱۱۱) انکا تکون پارے اور گندھک سے ہوتا ہے اور اونکا دخان و بخار سے اور اسکا اجزائے ہوائیہ سے اگر یہ وہ پانی ہے جسکے بعض سے بخار بنا کہ وہ دونوں سے ملکر زیبق ہوا اور وہ کبریت سے ملکر معدن یا اوس بخار کا حصہ ہے کہ سردی پاکر پانی ہو گیا تو آب مطلق ہے اور اگر یہ وہ مادۂ زیبق ہے جسکی مائیت میں کبریتی دخان ملا اور پارا بننے کے لیے مہیا کیا اور ہنوز قلت یبوست سے شکل آب پر رکھا تو آب مقید ہے یا پانی ہی نہ رہا واللہ تعالٰی اعلم

فوائد منثورۃ

(۱) لما اصلح المدقق العلائی فی الدر مختصرا من البحر ضابطۃ الامام الفخر الزیلعی حکم ہا کما اعلمناک فی ۲۸ بزیادۃ قیدہ ما لم یزل الاسم کنبیذ تمر اعترضہ العلامۃ ش بانہ زاد علیہ ما قدمناہ عن الفتح تامل اھ ای ما ذکرہ المحقق فی الفتح علی ذکر زوال الرقۃ فی الاقسام ان الکلام فی الماء وھذا قد زال عنہ اسم الماء **اقول** (۲۱۱۲) مع قطع النظر عما قدمنا علی الفتح بینہما بون بعید فزائل الرقۃ لم یبق ماء عرفا ولا لغۃ بخلاف فصل ۲ کما ذکرنا فی الفصل الثانی قبیل الاضافات ولو سلم ہذا (۲۱۱۳) اسقطت الاقسام کلہا علی التحقیق فان الاسباب ثلثۃ کثرۃ اجزاء المخالط وزوال الطبع والاسم وقد انکر المحقق الثانی وانتم الثالث والاول اخو بالادراک منہ

ف۱: معروضۃ علی العلامۃ ش
ف۲: معروضۃ علیہ
ف۳: معروضۃ علیہ
تطفل علی المحقق

فما فيه ماء وشيء او اكثر منه لبن ليس ماء قطعا وان كان فيه ماء (۲) وقع في شرح النقاية للعلامة البرجندي بعدما نقل
عن الهداية ما قدمنا في سادس ضوابط الفصل الثالث ما نصه وفيهما ايضا ان الثمار اليابسة اذا وقعت في الماء فان
كان الغالب الطعم فذلك الشيء لا يجوز التوضؤ منه اهـ **اقول** ۲۱۴ وليس ايضا في الهداية ثمه ۲۱۵ وخلاف فـ۱ لما في المذهب
لما اعلمناك هناك وان اعتبار الاجزاء دون الاوصاف مجمع عليه في الجامد وانما الخلاف في المائع ثم ۲۱۶ فـ۲ قيد اليابسة
لا يظهر له فائدة الا ان يقال ان اليابس ابطأ انحلالا من الرطب فيدل على طول مكثه في الماء فيكثر عمله وفيه
ان العمل بالانحلال فالرطب اسرع عملا ولا نظر الى مدة المكث والله تعالى اعلم (۳) اثبتنا ولله الحمد عرش التحقيق ۲۱۷ وفـ۳
على ان العبرة في الطبخ بزوال الطبع لو ماء او الاسم لمعنى ثالث لا بتغير وصف او اوصاف وان محمدا ايضا لا يعتبرها
في الجامد واذا اعتبرها في المائع لا يرسل ارسالا بل يرتب فيقدم اللون ثم الطعم ولا يعتبر الريح اصلا كما بيناه
بكلام الامام ملك العلماء فاياك ۲۱۸ فـ ان تتوهم مما قدمنا من كلامه ثمه اذ قال مجيبا للامام الكرخي عن الامام
ابي طاهر الدباس في النبيذ المطبوخ ان المائع الطاهر اذا اختلط بالماء لا يمنع التوضؤ اذا لم يغلب على الماء
اصلا اما اذا غلب بوجه من الوجوه فلا وههنا غلب من حيث الطعم واللون وان لم يغلب من حيث الاجزاء اهـ ان العبرة
ههنا للوصف وان الريح ايضا معتبرة وان لا ترتيب في اعتبارها القوله اذا غلب بوجه من الوجوه فيصدق بغلبة الريح
دون الباقيين وبغلبة الطعم دون اللون في ذي اللون بل المراد الغلبة بحيث يزول الاسم الا ترى الى قوله في صدر
المبحث اذا خالطه على وجه زال عنه اسم الماء وقال فيما يقصد به التنظيف يجوز وان تغير لون الماء او طعمه او ريحه
لان اسم الماء باق وقال الا اذا صار كالسويق لانه حينئذ يزول اسم الماء وقال لو تغير بالطين او الاوراق او الثمار
يجوز لانه لم يزل اسم الماء وقال قياس ما ذكرنا ان لا يجوز بنبيذ التمر لتغير اسم الماء وصيرورته مغلوبا بطعم التمر ثم
ذكر مسألة المطبوخ وان الكرخي جوزه لان اجزاء الماء غالبة واجاب عن ابي طاهر بما مر فانما اراد رحمه الله تعالى
اذا غلب على الماء بوجه من الوجوه بحيث ازال اسمه وقد علمناك ۲۱۹ انه لا يكون ذلك بالريح المجردة وانه لا يكون في الجامد
الا اذا صار شيئا اخر لمقصد اخر ولا يكون هذا ههنا الا اذا غلب الطعم بحيث يجعله نبيذا كما قال نبيذ التمر الذي فيه الخلاف هو ان يلقى
شيء من التمر في الماء فتخرج حلاوته الى الماء وقال فيحمل على ما حلا وخرج عن الاطلاق كما قدمنا في ۱۰۶ فعلى الطعم المدار
ههنا وليس ۲۲۰ مما فيه الترتيب لان اعتباره ليس من حيث انه وصف تغير بل لانه تغير فغير الماء وصيره نبيذا الا ترى الى
ادارته الامر على خروج حلاوته الى الماء والى قوله لتغير اسم الماء وصيرورته مغلوبا بطعم التمر فلم يذكر اللون ولو كان يكفي الغلبة بوجه من الوجوه على معنى
توهمك كان الوجه ذكر اللون لانه اسبق تغيرا فيه من الطعم فكان هو العلة للغلبة دون الطعم الحادث بعد ما صار مغلوبا

فـ۱: معروضة ۲۰۸ على العلامة البرجندي
فـ۲: معروضة ۲۰۹ عليه
ق النور و النور
فـ: علم وقع زلة لبعض الاعلام من اكابر العلماء

فانما ترکہ لان المراد الغلبة المخرجة عن اسم الماء الجاعلة له نبيذا وانما يكون ذلك بالطعم دون حاجة الى تغير اللون حتى لو فرض ان من التمر او شيئ من الثمر ما يغير طعم الماء فيجعله نبيذا ولا يغير لونه لكان الحكم المنع وذكره في الجواب عن الدباس بيان للواقع فان الطعم لا يتغير به الا وقد تغير قبله اللون فافهم تثبت هكذا ينبغي ان تفهم نفائس كلام العلماء والله تعالى الموفق (٣) الكلام في توجيه قول محمد بالترتيب **اقول** وبالله التوفيق لا ريب ان اضعف وصف في الماء ريحه بل لا ريح له حقيقة كما اشار اليه ابن كمال الوزير اذ قال في الايضاح اوصاف الطعم واللون والريح والتغير على الحقيقة في الاولين دون الاخير فلابد من المصير الى عموم المجاز اه ثم لونه حتى قيل لا لون له كما سيأتي واقواها طعمه ثم هو شيئ لطيف رطب سريع الانفعال فما خالفه في شيئ من اوصافه اثر فيه قبل ان يبلغ الماء قدرا فلا يتوقف تغير الوصف على تساوي القدر قط والتغير في الاضعف اسبق فما خالفه في اللون والطعم يكون تغييره اللون قبل ان يتغير الطعم كما هو مشاهد في النبيذ وغيره فمن قبل هذا جاء الترتيب ان ما يخالفه لونا لا يعتبر فيه الا اللون لانه ان غلب سلب لونه اولا فاذا لم يسلبه لم يسلب الطعم بالاولى واذا لم يغيرهما فكيف يساوي الماء قدرا فان تغير الاوصاف اسبق بكثير من تساوي المقدار فبعدم التغير في اللون يعلم انتفاء الاسباب جميعا اعني الغلبة من حيث اللون ومن حيث الطعم ومن حيث الاجزاء ويعلم ان المخالط مغلوب فلذا نيط الامر فيه على تغير اللون وحده فان تغير الطعم بعده فذاك والا فلا حاجة لحصول الغلبة باللون نعم ما لا يخالفه في اللون لا يغيره وان غلب عليه قدرا فيعتبر فيه تغير الطعم لكونه اسبق من تساوي القدر فان لم يتغير علم انتفاء التساوي بالاولى فثبت ان المخالط مغلوب وان تغير فقد غلب وان لم يساو قدرا اما ما لا يغير لونا ولا طعما وانما يكون اذا لم يخالفه في شيئ منهما اذ لو خالف لسبق التغيير تساوي القدر فهذا الذي تعتبر فيه الغلبة بالاجزاء فالحاصل ان ما خالفه لونا او طعما لا عبرة فيه بغلبة الاجزاء لا بمعنى انها توجد ولا تعتبر ما لم يتغير لون او طعم فانه باطل بداهة وفيه ينتظر الوصف مع ثبوت الخروج عن المائية للمركب قطعا بل بمعنى انها لا يحتاج اليها لتعرف الغلبة لانها لا تحصل ههنا الا وقد غلب المخالط قبلها وكذلك ما خالفه لونا لا عبرة فيه للطعم بالمعنى المذكور فهذا معنى ما نص عليه الرواة الثقات فقصروا اعتبار الطعم على ما يوافقه لونا واعتبار الاجزاء على ما يوافقه فيهما وشملوا الكل تقسيم باشياء على حدة وهذه عبارة زاد الفقهاء ثم البناية وغيرهما تعتبر الغلبة اولا من حيث اللون ثم الطعم ثم الاجزاء فان كان لونه مخالفا للون الماء كاللبن والعصير والخل وماء الزعفران فالعبرة باللون فان توافقا لونا لكن تخالفا طعما كماء البطيخ والمشمش والانبذة فالعبرة للطعم وان توافقا لونا وطعما كماء الكرم

فالعبرۃ للاجزاء اھ وعبارۃ ملتقط العلماء ان کان یخالف لونہ لون الماء کاللبن وماء العصفر والزعفران تعتبر الغلبۃ
فی اللون وان کان لا یخالف الماء فی اللون ویخالفہ فی الطعم کعصیر العنب الابیض وخلہ تعتبر فی الطعم وان کان
لا یخالفہ فیھما تعتبر فی الاجزاء اھ وعبارۃ خزانۃ المفتین ینظر ان کان یخالف لونہ لون الماء کاللبن والعصیر والخل
والزعفران فالعبرۃ باللون وان کان یوافق لونہ لون الماء نحو ماء الثمار والاشجار والبطیخ فالعبرۃ للطعم ان کان
شیئا یظہر لہ طعم فی الماء وذلک نحو نقیع الزبیب وسائر الانبذۃ وان کان شیئا لا یظہر طعمہ فی الماء فالعبرۃ لکثرۃ
الاجزاء اھ وعبارۃ الحلیۃ ان کان المخالط شیئا لونہ یخالف لون الماء مثل اللبن والخل وماء الزعفران ثم قال وان کان
لا یخالفہ فی اللون ویخالفہ فی الطعم نحو ماء البطیخ وعصیر العنب الابیض وخلہ ثم قال وان کان لا یخالفہ فیھما تعتبر
الغلبۃ فی الاجزاء اھ وعبارۃ البرجندی ان خالف لونہ لون الماء کاللبن والزعفران فالعبرۃ لغلبۃ اللون وان توافقا فیہ
فللطعم وان لم یکن لہ طعم ایضا فللاجزاء اھ وھکذا الحصر الحکام وان زاد الریح من عند نفسہ اذ قال
مرادہ ان المخالط المائع ان کان لونہ مخالفا تعتبر اللون وان کان لونہ لون الماء فالطعم وان کان لا یخالفہ فی اللون
والطعم فالاجزاء اھ فما قدمنا من عبارۃ الامام الاسبیجابی ان غیر لونہ فالعبرۃ للون وان لم یغیر لونہ بل طعمہ
فللطعم وان لم یغیر لونہ وطعمہ فللاجزاء اھ علی الصلوح دون الفعلیۃ ای ما صلح لتغییر اللون وھو الذی
یخالفہ لونا فالعبرۃ فیہ للون وان لم یصلح لہ بل لتغییر طعمہ بان وافقہ لونا وخالفہ طعما فللطعم وھکذا
لا ان المخالط ان غیر اللون فذاک والا ینظر الی تغییرہ طعمہ فان حصل والا عدل الی الاجزاء وذلک لما علمت
ان ما صلح لتغییر اللون والطعم جمیعا ان لم یغیر اللون لم یغیر الطعم ایضا وما صلح لتغییر واحد منھما لا یمکن
ان یکون مغلوبا فیھما غالبا او مساویا فی القدر وان امکن ھذا بطل الحکم بالترتیب ووجب القول باعتبار الثلثۃ
جمیعا ایما حصل حصلت الغلبۃ اذا عرفت ھذا فاعلم ان اھل الضابطۃ لم یراعوا ھذا الترتیب بل قالوا ما خالف
فی وصفین فایھما تغیر غیر وما خالف فی الثلثۃ فای اثنین تبدلا یبدلا وبھذا الوجہ اوردنا علیھم ما فیہ
سبق الطعم اللون وان کان غیر واقع علی مسلک الضابطۃ الشیبانیۃ کما اوردنا علیھما ما فیہ تغیر الریح وان
کان ساقط النظر عندھا وحکمھا بجلاء الضابطۃ الزیلعیۃ ظاہر فی ذوات الریح ولما سبقہ الطعم فی ھا فلقصرھا
الحکم علی اللون فی ذی اللون فان وقع سبق الطعم ثبت الحکم وان لم یکن واقعا فی نظرھا **واقول**[۱۲۲۳] من
قبل الامام ابی یوسف ان اردتم تغیر وصف ینزل الاسم فممنوع کما علمتم ما یزیلہ فنعم ولم قلتم
یقدم اللون فان الاسم بای شیئ زال زال اما قولکم ھو اضعف فیسبق فی التغیر الطعم ولا عکس قلنا

سبقة الفعل كما يكون بضعف المنفعل فلا يقاوم بالكسر كذلك يكون بقوة الفاعل فلا يقاوم بالفتح والمانع ان يكون شیئ طعمه القوی شدیدا من لونه فیعمل فی طعم الماء القوی قبل ان یعمل لونه فی لونه الضعیف وعن هذا

اقول ۲۱۲۴ ان الضابطة الزیلعیة اصابت فی تجویزها غلبة غیر اللون قبل اللون والضابطة الشیبانیة اصابت فی صورها فی الحکم فانها لا تسلم تقیید الماء فیها وان کان بناء علی انها لا تقع وعلی هذا التحقیق والتنقیر یبتنی کلام الفقیر فی التطفلات علی الضابطة الزیلعیة وعلی البحر فی ابداء المخالفات بینها وبین الحکم المنقول اعنی ضابطة محمد سید الاکابر الفحول، فاعلم ذلك، والحمد لله خیر مالك۔

(۵) ۲۱۲۵ بما بینا ان تغیر اللون یسبق مساواة القدر یبید فع ما یتوهم علی ضابطة البرجندی اذ قال فی الخلط بلا طبخ معنی غلبته ان یغلب لونه لون الماء عند محمد والاجزاء الاجزاء عند ابی یوسف اهـ ان محمدا لا یعتبر الاجزاء وهو باطل قطعا کما نبهنا علیه فی الفصل الثالث اول البحاث غلبة الغیر وذلك لان من اعتبر اللون فقد ضیق لان تغیره اسبق ۲۱۲۶ ومثل هذا الا ان ذکر کثرة الاجزاء فی الضابطة الشیبانیة الا فی جهة المائع واطلقت القول بالجواز فی الجامد ما دامت الرقة باقیة ولم یصر شیأ اخر لمقصد اخر وذلك لان الرقة تزول بالجامد قطعا قبل تساوی القدر بکثیر وهذا امل حنظام فی البحث المذکور عن البحر عن الحدادی ان غلبة الاجزاء فی الجامد بالثلث کما قدمت ثمه (۶) بعض علما کا خیال ہے کہ پانی بے لون ہے خود کوئی رنگ نہیں رکھتا حتی عرفه الفاضل احمد بن ترکی المالکی فی الجواهر الزکیة شرح المقدمة العشماویة بقوله الماء جوهر لطیف سیال لا لون له یتلون بلون انائه اهـ اقول ۲۱۲۷ کان علیه ان یقول یتلون بلون ما یخالطه فان فی الجملة الاخیرة غنی عن البیان ولذا قال محشیه السفطی المالکی انه لکونه شفافا یظهر فیه لون انائه فاذا وضع فی اناء اخضر فالخضرة لم تقم بالماء وانما هو لرقته لا یحجب لون الاناء اهـ اقول ۲۱۲۸ ووقع فی صدر شرح المواقف بحث العلم بالحس الثلج مرکب من اجزاء شفافة لا لون لها وهی الاجزاء المائیة الرشیة اهـ وهو ظاهر فی نفی اللون عن الماء فان قلت منشأ النفی کونها صغیرة جدا فلا یظهر لها لون اقول ۲۱۲۹ کلا الا تری ان الجکم بری بلا لون وما هو الا لون الاجزاء المائیة وهی فیه الطف منها فی الثلج ولذا ینزل ذلك وهذا یعلو والصغیر جدا انما النفر کما لا یری فلا یری لونه واذا اجتمعت الصغار رئیت ورئی لونها کما فی البخار والدخان بل والهباء کما ذکرناه فی بعض حواشی اواخر الفصل الاول من رسالتنا النمیقة الانقی اور صحیح یہ کہ وہ ذی لون ہے یہی امام فخر رازی وغیرہ کا مختار ہے کلام فقہا مسائل آب کثیر وآب مطلق وغیرہا میں ذکر لون متواتر ہے اور ابن ماجہ نے ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں ان الماء طهور لا ینجسه الا ما غلب علی ریحه وطعمه ولونه سنن دارقطنی میں ثوبان

ف۱: پانی میں خود رنگ ہے یا نہیں۔
ف۲: معروضة ۲۱۲۰ ...
ف۳: تطفل ۲۱۲۱ علی الفاضل ابن ترکی المالکی۔
ف۴: ۲۱۲۲ علی العلامة السید الشریف۔

رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں الماء طہور الا ما غلب علٰی طعمہ او ریحہ او لونہ امام طحاوی مرسل

راشد بن سعد سے راوی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا الماء لا ینجسہ شیئ الا ما غلب علٰی ریحہ او طعمہ او لونہ ۲۱۳۰ اقول

اور اصل حقیقت ہے فلا تردد المرجع معہذا مقرر ہوچکا کہ ابصار عادی دنیاوی کے لیے مرئی کا ذی لون ہونا شرط ہے بلکہ مرئی نہیں مگر

لون و ضیا تو پانی بے لون کیونکر ہوسکتا ہے و لہذا علامہ ابن کمال پاشا نے اوسکے حقیقۃً ذی لون ہونے پر جزم کیا کما مرّ آنفا

پھر اوسکے رنگ میں اختلاف ہوا بعض نے کہا سپید ہے فاضل یوسف بن سعید سعیل مالکی نے حاشیہ عشماویہ میں یہی اختیار کیا اور

اوسپر تین دلیلیں لائے اوّل مشاہدہ دوم حدیث کہ پانی کو دودھ سے زیادہ سپید فرمایا سوم برف جمکر کیسا سپید نظر آتا ہے حیث

قال فان قلت ما لون الماء الذی ہو قائم بذاتہ قلت المشاہد فیہ البیاض ویشہد لہ ما ورد فی بعض الاحادیث

فی وصف الماء من کونہ اشد بیاضا من اللبن ومما یدل علی ان الماء لونہ ابیض مشاہدۃ البیاض فی الثلج حین جمودہ

وانعقادہ علی وجہ الارض اھ ۲۱۳۱ اقول اولاً بلکہ مشاہدہ شاہد کہ وہ سپید نہیں و لہذا آبی اوس رنگ کو کہتے ہیں

کہ نیلگونی کی طرف مائل ہو ۲۱۳۲ ثانیاً سپید کپڑے کا کوئی حصہ دھویا جائے جبتک خشک نہو اوسکا رنگ سیاہی مائل رہیگا یہ

پانی کا رنگ نہیں تو کیا ہے ۲۱۳۳ ثالثاً دودھ جسمیں پانی زیادہ ملا ہو سپید نہیں رہتا نیلاہٹ لے آتا ہے ۲۱۳۴ رابعاً بحر اسود

اخضر و احمر مشہور اور اسی طرح اونکے رنگ مشہور ہیں اسود تو سیاہی ہے اور سبزی بھی ہلکی سیاہی ہے و لہذا آسمان کو خضرا اور چرخ اخضر

کہتے ہیں اور خط کو سبزہ سانولی رنگت کو حسن سبز اور سرخی بھی قریب سیاہی ہے اگر حرارت زیادہ عمل کرے سیاہ ہوجائے جیسے جوش

بعد خشکی خون۔ گہری سرخی میں بالفعل سیاہی کی جھلک ہوتی ہے انگور سبز پھر سرخ پھر سیاہ ہوجاتا ہے ۲۱۳۵ خامساً حدیث مبارک

دربارہ کوثر اطہر ہے سقانا اللہ تعالٰی منہ بمنہ و رأفتہ وکرم حبیبہ و قاسم نعمتہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

وعلٰی الہ وصحبہ وامتہ آمین اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ مطلق پانی کا رنگ سپید ہو ۲۱۳۶ اوسی حدیث میں اوسکی خوشبو مشک سے

بہتر فرمائی صحیحین میں عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں حوضی

مسیرۃ شہر ماؤہ ابیض من اللبن وریحہ اطیب من المسک میرا حوض ایک مہینے کی راہ تک ہے اوسکا پانی دودھ سے

زیادہ سپید اور دوسری روایت میں فرمایا ابیض من الورق چاندی سے بڑھکر اُجلا اور اوسکی خوشبو مشک سے بہتر

حالانکہ پانی اصلاً بو نہیں رکھتا خود حاشیہ فاضل سفطی میں دو ورق بعد ہے قولہ او ریحہ قال ابن کمال باشا الاولی من التعبیر

بقولہم تغیر ریح الماء لان الماء لیس لہ رائحۃ ذاتیۃ فالمراد طرأ فیہ ریح لم یکن افادہ شیخنا الامیر اھ

وقد اسمعناک نص العلامۃ الوزیر ۲۱۳۷ اسکی ضد جہنم ہے والعیاذ باللہ تعالٰی منہا جسکی آگ اندھیری رات کی طرح کالی ہے مالک

وبیہقی ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں اترونہا حمراء کنارکم ہذہ

ف ۱: پانی کا رنگ سفید ہے یا سیاہ
ف ۲: معروضہ ۲۱۳۰ علی الفاضل السفطی المالکی
ف ۳: معروضہ علیہ
ف ۴: معروضہ علیہ
ف ۵: معروضہ علیہ
ف ۶: معروضہ علیہ
ف ۷: معروضہ علیہ
ف ۸: معروضہ علیہ

اشد سواداً من القار کیا تم اوسے اپنی اس آگ کی طرح سرخ سمجھتے ہو بیشک وہ تو قیر سے بڑھکر سیاہ ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آگ کا اصل رنگ سیاہ ہے یا ہر آگ ایسی ہی ہو خود حدیث کا ارشاد ہے کہ اوسے اس آگ سا سرخ نجانو **سادساً** ۲۱۳۸ بعد انجماد کوئی نیا رنگ پیدا ہونا سبز دلیل نہیں کہ یہ اوسکا اصلی رنگ ہے خشک ہونے پر خون سیاہ ہو جاتا ہے اور مچھلی کی سرخ رطوبت سپید ہونے سے اوس پر استدلال کیا گیا کہ وہ خون نہیں ہے **سابعاً** ہوا کہ میل سے مستنیر ہوتی ہے جب جسم شفاف کے اندر داخل ہوتی ہے اوسکے شفاف اجزا کے چمکدار ہونے سے وہاں ایک طرح کی روشنی پیدا ہوتی ہے جس سے سپیدی نظر آتی ہے جیسے موتی یا شیشے یا بلور کو خوب باریک پیسیں تو اجزا باریک ہو جانے سے بیچ بیچ میں ہوا داخل ہوگی اور وقت فاصل کے باعث اون باریک باریک اجزا اور اون میں ہوا کے بیچ میں امتیاز نہ ہو گا اور ایک رنگ کہ موتی سے میلا اور انکے اصلی رنگ سے اوجلا ہے محسوس ہوگا یہ سپیدی جو برف میں نظر آتی ہے یونہیں دریا کے جھاگ بلکہ پیشاب کے بھی حالانکہ وہ یقیناً سپید نہیں اوسکی سپیدی تو مرض ہے بلکہ آئینہ میں اگر دراز پڑ جائے وہاں سپیدی معلوم ہوگی کہ تابندہ ہوا عمق میں داخل ہوئی یہی وجہ بھی ہوئی اوس کے سپید نظر آنے کی ہے کہ شفاف ہے اور اجزا باریک اور چمکدار ہوا داخل **ثامناً** شفیف اجرام کا قاعدہ ہے کہ شعاعیں اونپر پڑکر واپس ہوتی ہیں ولہذا آئینہ میں اپنی اور اپنے پس پشت چیزوں کی صورت نظر آتی ہے کہ اوسنے اشعہ بصر کو واپس پلٹایا واپسی میں نگاہ جن جس چیز پر پڑی نظر آئی گمان ہوتا ہے کہ وہ صورتیں آئینے میں ہیں حالانکہ وہ اپنی جگہ ہیں نگاہ نے پلٹنے میں اونھیں دیکھا ہے ولہذا آئینے میں دہنی جانب بائیں معلوم ہوتی ہے اور بائیں دہنی ولہذا شے آئینے سے جتنی دور ہے اوسیقدر دور دکھائی دیتی ہے اگرچہ سو گز فاصلہ ہو حالانکہ آئینہ کا دل جَو بھر ہے سبب یہی ہے کہ پلٹتی نگاہ اوتنا ہی فاصلہ طے کر کے اوس تک پہنچتی ہے **تاسعاً** برف کے یہ باریک باریک متصل اجزا کہ شفاف ہیں نظر کی شعاعوں کو انھوں نے واپس دیا پلٹتی شعاعوں کی کرنیں اونپر چمکیں اور دھوپ کی سی حالت پیدا کی جیسے پانی یا آئینے پر آفتاب چمکے اوسکا عکس دیوار پر کیسا سفید براق نظر آتا ہے زمین شور میں دھوپ کی شدت میں دوپہر سراب نظر آنے کا بھی یہی باعث ہے خوب چمکتا جنبش کرتا پانی دکھائی دیتا ہے کہ اوس زمین میں اجزائے صقیلہ شفافہ دور تک پھیلے ہوتے ہیں نگاہ کی شعاعیں اونپر پڑکر واپس ہوئیں اور شعاع کا قاعدہ ہے کہ واپسی میں لرزتی ہے جیسے آئینے پر آفتاب چمکے دیوار پر اوسکا عکس جھل جھل کرتا نظر آتا ہے اور شعاعوں کے زاویے یہاں چھوٹے تھے کہ اونکی ساقیں طویل ہیں کہ سراب دور ہی سے متخیل ہوتا ہے اور وتر اوسیقدر ہے جو ناظر کے قدم سے آنکھ تک ہے اور چھوٹے وتر پر ساقیں جتنی زیادہ دور جاکر ملینگی زاویہ خورد تر بنیگا اور زوایائے انعکاس ہمیشہ زوایائے شعاع کی برابر ہوتے ہیں تو اشعہ بصر یہ اوتنے ہی زاویوں پر پلٹتی ہیں جتنوں پر گئی تھیں ان دونوں امر کے اجتماع سے نگاہیں کہ اجزائے بعیدہ صقیلہ پر پڑی تھیں لرزتی جھل جھل کرتی چھوٹے چھوٹے زاویوں پر زمین سے ملی ملی پلٹیں لہذا ملون چمکدار پانی جنبش کرتا متخیل ہوا واللہ تعالٰی اعلم **اقول** ۲۱۳۹ ھذا

طریق وان اخترنا طریق العضد الذی قال انہ الحق واقرہ السید وھو منع ان لابیاض فی الثلج وماذکر معہ والقول بان اختلاط الھواء المضیئ بالاجزاء الشفافۃ لما اسیبا حدوث البیاض وان لم یکن ھناک امتزاج یتبعہ حدوث اللون قال ولیس ذلک ببعد مما یقولہ الحکماء (**اقول** ٢١٣٩ ای اسلفھا من بعض القدماء کما تقدم وتبعھم ابن سینا والھیثم کما فی طوالع الانوار وشرح التجرید) فی کون الضوء شرطا لحدوث الالوان کلھا فاذا اخرج المصباح مثلا عن البیت المظلم انتفی الوان الاشیاء التی فیھا واذا اعید صارت ملونۃ بامثال لما امتنع استحالۃ اعادۃ المعدوم عندھم ولاشک ان ھذا ابعد من حدوث البیاض فی اجزاء الشفافۃ بمخالطۃ الھواء من غیر امتزاج اھ **اقول** ٢١٤٠ وقولھم مردود بحدیث البزار والحاکم وصححہ عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قال نار جھنم سوداء مظلمۃ وروی البیھقی فی البعث وابو القاسم الاصبھانی عنہ قال تلا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ھذہ الاٰیۃ وقودھا الناس والحجارۃ فقال اوقد علیھا الف عام حتی احمرت والف عام حتی ابیضت والف عام حتی اسودت فھی سوداء مظلمۃ لایضیئ لھبھا وروی الترمذی وابن ماجۃ والبیھقی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مثلہ وفی اٰخرہ فھی سوداء مظلمۃ کاللیل المظلم جعل الترمذی وقفہ اصح **اقول** ٢١٤١ والوقف فیہ کالرفع اذالم یکن اخذا عن الاسرائیلیات فقد ثبت لھا اللون مع الظلمۃ وعدم الضوء فاذن جوابنا اظھر لثبوت ان بیاض الثلج حادث لم یکن فی الماء واللہ تعالٰی اعلم اور بعض نے پانی کا رنگ سیاہ بتایا اور وہ مستند اس حدیث سے سند لائے کہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے فرمایا واللہ یاابن اختی ان کنا لننظر الی الھلال ثم الھلال ثم الھلال ثلثۃ اھلۃ فی شھرین وما اوقد فی ابیات النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نار قلت یا خالۃ فما کان یعیشکم قالت الاسودان التمر والماء اے میرے بھانجے خدا کی قسم ہم ایک ہلال دیکھتے پھر دوسرا پھر تیسرا دو مہینوں میں تین چاند اور کاشانہائے نبوت میں آگ روشن نہ ہوتی عروہ نے عرض کی اے خالہ پھر اہل بیت کرام مہینوں کیا کھاتے تھے فرمایا بس دو سیاہ چیزیں چھوہارے اور پانی رواہ الشیخان فی صحیحیھما عن عروۃ عن ام المؤمنین رضی اللہ عنھما **اقول** ٢١٤٢ وقد کثر ذلک فی الاحادیث وکلام العرب ومنھا الحدیث المسلسل بالاضافۃ قال السفطی بعد ماذکر حدیث ام المومنین بلفظ کنا نمکث لیالی ذوات العدد لانوقد نارا فی حجر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وما ھو الا الاسودان الماء والتمر اجیب بانھا رضی اللہ تعالٰی عنھا جعلت الماء اسود تغلیبا للتمر علی الماء لان التمر مطعوم والماء مشروب والمطعوم اشرف من المشروب او ان اٰنیۃ ماءھم اذ ذاک کان یغلب علیھا السواد لکثرۃ دباغھا افاد جمیع ذلک شیخنا العید روس وقررہ شیخنا ایضا ومثلہ فی حاشیۃ شیخنا الامیر وقال بعض شیوخنا ان لونہ اسود مستدلا بظاھر ھذا الحدیث لکن الاول ھو المتجہ قاله اھ **اقول** ٢١٤٣

اولاً ف۱ التغلیب ۲۹ مجوز فلا یصار الیہ مالم یثبت ان الماء اسود لہ و ثانیا ۲۱۴۴ ف۲ التغلیب فی الاسماء کالعمرین والقمرین دون وصفین متضادین فیقال الجید وردی جیدان و طویل و قصیر طویلان و عالم و جاھل عالمان وھل یستحسن لمن اکل لحما و شرب ماء ان یقول اطعمنا الاحمران اللحم والماء ومن تناول تمرا ولبنا یقول اطعمنا الاسودان التمر واللبن وثالثا ۲۱۴۶ ف۳ قد علمتم ان الماء اذا وضع فی اناء اخضر فالخضرۃ لم تقم بالماء فکذلک سواد السن ففیہ التجوز بلادلیل اقول ۲۱۴۷ حقیقت امر یہ ہے کہ پانی خالص سیاہ نہیں مگر اس کا رنگ سپید بھی نہیں میلا مائل بیک گونہ سواد خفیف ہے اور وہ صاف سپید چیزوں کے مقابل اگر کھل جاتا ہے جیسا کہ ہمنے سفید کپڑے کا ایک حصہ دھونے اور دوسرے میں پانی ملانے کی حالت بیان کی و اللہ سبحنہ و تعالٰی اعلم

(۷) علمائے کرام ف۴ اس اجماع آتی قول تیقن ناصالح نزاع کے بعد کہ سب پانیوں میں افضل وہ پانی ہے جو اوس بحر بے پایان کرم و نعم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی انگشتان مبارک سے بابرکات الٰہیہ ہزاروں کو سیراب ظاہر کیا زمزم افضل ہے یا کوثر شیخ الاسلام سراج الدین بلقینی شافعی نے فرمایا کہ زمزم افضل ہے کہ شب معراج ملئکہ نے حضور اقدس صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا دل مبارک اوسی سے دھویا حالانکہ وہ آب کوثر لاسکتے تھے اور اللہ عزوجل نے ایسے مقام پر اپنے نبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لیے اختیار نفر مایا مگر افضل شمس نے اسین سراج کا اتباع کیا فتاوے علامہ شمس الدین محمد رملی شافعی میں ہے افضل المیاہ ما نبع من بین اصابعہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وقد قال البلقینی ان ماء زمزم افضل من الکوثر لان بہ غسل صدر النبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ولم یکن یغسل الا با فضل المیاہ اھ اس پر اعتراض ہے کہ زمزم تو سیدنا اسمٰعیل علیہ الصلاۃ والسلام کو عطا ہوا اور کوثر ہمارے حضور انور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو تو لازم کہ کوثر ہی افضل ہو امام ابن حجر مکی نے جواب دیا کہ کلام دنیا میں ہے آخرت میں بیشک کوثر افضل ہے اقول ۲۱۴۸ تو یہ قول ثالث یا دونوں قولوں کی توفیق ہوا فتاوی فقہیہ کی عبارت یہ ہے (سئل) ایما افضل ماء زمزم او الکوثر (فاجاب) قال شیخ الاسلام البلقینی ماء زمزم افضل لان الملئکۃ غسلوا بہ قلبہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم حین شقوہ لیلۃ الاسراء مع قدرتھم علی ماء الکوثر فاختیارہ فی ھذا المقام دلیل علی افضلیتہ ولا یعارضہ انہ عطیۃ اللہ تعالٰی لاسمٰعیل علیہ الصلاۃ والسلام والکوثر عطیۃ اللہ تعالٰی لنبینا صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم لان الکلام فی عالم الدنیا لا الاخرۃ ولا مریۃ ان الکوثر فی الاخرۃ من اعظم مزایا نبینا صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ومن ثم قال تعالٰی انا اعطینک الکوثر بنون العظمۃ الدالۃ علی ذلک وبما قررتہ علم الجواب عما اعترض بہ علی البلقینی اھ اسوقت اس مسئلہ پر کلام اپنے علماء سے نظر فقیر میں نہیں اور وجہ کہ فقیر کو ظاہر ہوا تفضیل کوثر ہے فاقول ۲۱۴۹ وباللہ التوفیق للافضل معنیان الاکثر ثوابا وھو فی المکلفین من یثاب اکثر و فی الاعمال ما الثواب علیہ اکبر ولا مدخل لھذین فی زمزم والکوثر وان اول بالتعاطی ای ما تعاطیہ اکثر ثوابا فالکوثر غیر مقدور لنا فلا معنی للتفاضل من ھذا الوجہ ایضا ولا معنی لان یقال ان ثوابہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

ف۱: معروضۃ علی السیوطی

ف۲: وتشریح التغلیبین

ف۳: معروضۃ علیہ وعلیھم

ف۴: فی التغلیب الاسماء لا وصفین متضادین

ف۵: معروضۃ علیہ وعلیھم

ف۶: مسئلہ کوثر افضل ہے یا زمزم

ف۷: للافضل معنیان

كان الكثر فى غسل الملئكة قلبه الكريم بأحدهما فاذن لاكلام فيه انه يعنى الاعظم شانا والارفع مكانا عند الله تعالى

وحينئذ لا يتم استدلال الامام البلقينى رحمه الله تعالى الا اذا احطنا بالحكم الالهية فى غسل قلبه الكريم عليه

افضل الصلاة والتسليم وعلمنا انهما كانا سواء فى تحصيلها ثم الله سبحنه اختار هذا فكان افضل اما ان يكون شئ

اوفق واصلح للعمل من غيره فلا يستلزم كونه اجل قدرا واعظم فخرا مشربا بالفضل الكلى على انه صلى الله تعالى عليه وسلم لا يتشرف

بغيره بل الكل انما يتشرف بوجوده والله تعالى يصيب برحمته صلى الله تعالى عليه وسلم ما يشاء من خلقه ليزيد فى فضله كما اختار الولادة صلى الله

تعالى عليه وسلم شهر ربيع الاول دون شهر رمضان ويوم الاثنين دون يوم الجمعة ومكان مولده صلى الله تعالى عليه وسلم دون الكعبة

والفضل بيد الله يؤتيه من يشاء والله ذو الفضل العظيم ما جواب الامام ابن حجر فغاية ما يظهر فى توجيهه ان زمزم افضل

فى الدنيا لانه مقدر لنا فنثاب عليه فيترتب عليه الفضل بخلاف الكوثر ان رزق الله تعالى منه احدنا فى الدنيا فلفضل فيه

اولتفضل من المولى سبحنه وتعالى فهو يترتب على الفضل وما يورث الفضل اما الاخرة فليست دار عمل فيذهب

هنالك هذا الوجه ويظهر فضل الكوثر لانه من اعظم ما من الله تعالى به على نبيه صلى الله تعالى عليه وسلم **اقول**

والتمرهذا لكان كل ماء فى الدنيا افضل من الكوثر بعين الدليل وهو كما ترى بل الكلام كما علمت فى الارفع قدرا والاعظم فخرا وهذا

لا يختلف باختلاف الدارين حتى يكون شئ اجل قدرا عند الله تعالى فى الدنيا فاذا جاءت الاخرة انعكس الامر كلا بل لا نظر فى

الاخرة الا لما هو عنده تعالى ههنا فما كان افضل فى الاخرة كان افضل فى نفسه وما كان افضل فى نفسه

كان افضل حيث كان وقد اعترفتم ان الكوثر افضل فى الاخرة فوجب ان يكون له الفضل دنيا واخرى لكن

زمزم من مياه الدنيا وهو من مياه الاخرة وللاخرة اكبر درجت واكبر تفضيلا **وايضا** ماء نهر الجنة

قال صلى الله تعالى عليه وسلم يغت فيه ميزابان يمدانه من الجنة احدهما من ذهب والاخر من ورق

رواه مسلم عن ثوبان رضى الله تعالى عنه وقال صلى الله تعالى عليه وسلم الا ان سلعة الله

غالية الا ان سلعة الله الجنة **ثم** هو انعم لامته صلى الله تعالى عليه وسلم من شرب منه لم يظمأ

ابدا ولم يسود وجهه ابدا **وقد** من الله سبحنه به على افضل انبيائه صلى الله تعالى عليه وسلم

فكان افضل رزقنا المولى سبحنه وتعالى الورود عليه والشرب منه بيد احب حبيب اليه صلى الله

تعالى عليه وسلم ومجد وشرف وعظم وكرم وعلى اله الكرام وصحبه العظام وابنه الكريم وامته

الكريمة خير الامم وعلينا بهم ولهم وفيهم ومعهم يا من علينا بارسالهم والحمد لله رب العلمين حمدا

يدوم بدوامه الا دوم والله سبحنه وتعالى اعلم وعلمه جل مجده اتم واحكم عز شانه احكم

النور والنور